© rasailojaraid.com



**مولانا ابوالکلام آزادؒ کی صحافت**
مصنف : ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہان پوری ـــــ صفحات : ۲۲۳ ـــــ قیمت -/۶۰ روپے
ناشر : ادارہ تصنیف و تحقیق پاکستان کراچی ۷۵۸۰۰

ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہان پوری اردو کے نامور محقق ہیں اور قارئینِ "الحق" کے حلقے میں کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں۔ برصغیر پاک و ہند کی سیاسی تاریخ اور تحریکاتِ ملی پر اُن کی گہری نظر ہے اور مولانا ابوالکلام آزاد کے محقق کی حیثیت سے وہ ایک مانی ہوئی شخصیت ہیں۔ مولانا آزادؒ پر ایک درجن سے زیادہ ان کی تصنیفات و تالیفات ہیں۔ اب حال ہی میں مولانا ابوالکلام آزادؒ کی صحافت کے عنوان سے ان کی نئی تحقیقی کتاب مطبوعات مولانا آزاد صدی کے نمبر ۲ کے طور پر آئی ہے۔

مولانا ابوالکلام آزادؒ ایک مختلف الجہات شخصیت تھے۔ وہ ادیب تھے، شاعر تھے، انشا پرداز تھے، عالم دین تھے، مفسر تھے اور ایک بہت بڑے مدبر اور سیاست دان تھے لیکن ان کی خدماتِ علمی و ادبی اور سیاسی و ملی اور دینی کا بہت بڑا میدان صحافت تھا۔ صحافت مولانا آزاد کی زندگی میں بڑی اہمیت رکھتی تھی صحافت ہی کے ذریعے وہ سیاسی ور دینی خدمات کے میدانوں میں متعارف ہوئے تھے ـــــ ڈاکٹر ابوسلمان نے ان کی ابتدائی صحافت سے لے کر "الہلال" و "البلاغ" تک اُن کی خدمات کا تذکرہ نہایت تفصیل اور تحقیق کے ساتھ مرتب کر دیا ہے۔

کتاب سفید کاغذ پر چھپی ہے، کتابت اور طباعت اچھی ہے، مجلد ہے اور خوب صورت گرد پوش سے مزین ہے۔

**اسلامی نظامِ اخلاق (جلد اول)**
تالیف : مولانا سید تصدق بخاری ـــــ صفحات : ۵۶۸ ـــــ قیمت درج نہیں
ملنے کا پتہ : مولانا سید تصدق بخاری، مغربی عقب، بوتالہ روڈ قلعہ دیدار سنگھ، گوجرانوالہ

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایات، تعلیمات اور حیاتِ مبارکہ کے تمام لمحات، انسان کی انفرادی، اجتماعی، خانگی، ملی، عدالتی، عسکری، عبادتی، اعتقادی، حکومتی، سفارتی، معاشرتی، اخلاقی، معاشیاتی، غرض کہ زندگی کے ہر شعبہ کے لیے شمع ہدایت ہیں۔ اسی کا دوسرا نام اُسوۂ حسنہ یا اسلام کا نظام اخلاق ہے۔ پیشِ نظر کتاب اس اجمال کی تفصیل اور مؤلف کی پرخلوص کاوش کا حسین ثمرہ ہے۔ ۵۶۸ صفحات کی اس کتاب میں انسانی زندگی کے مختلف پہلوؤں سے اور نظام اخلاق کے اہم زاویوں کو اسلامی تعلیمات کے سانچے میں ڈھال دینے کے نقد ثمرات و برکات اور ادیانِ عالم و ازمہائے کائنات میں اس کی برتری و فوقیت ثابت کی گئی ہے۔ مؤلف کی کاوش قابلِ تحسین ہے، اسلامی کتب خانے میں ایک قابلِ قدر اضافہ ہے، خدا کرے کہ قارئین بھی اس کی واقعی قدر کر سکیں۔

**تاریخ و تحقیقِ اہلبیت**
تالیف : مولانا سید تصدق بخاری ـــــ صفحات : ۳۵۵ ـــــ قیمت درج نہیں
ملنے کا پتہ : مولانا سید تصدق بخاری، مغربی عقب، بوتالہ روڈ قلعہ دیدار سنگھ، گوجرانوالہ

جس طرح یہودیت کی فتنہ پردازیوں اور بہتان تراشیوں سے سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت مریم



© rasailojaraid.com